(This question paper contains 2 printed pages)

Roll No.

Sl. No of Question Paper: 115

D

Unique Paper Code: 214181

Name of the Paper: Urdu-A

Name of the Course: B. Com. (Prog.) Urdu-A

Semester: I

Duration : 3hours

Maximum Marks : 75Marks

Instructions for Candidates

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات میں سے دو کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔ ۲۰

(الف)

حسن بے پروا کو خود بین و خود آرا کر دیا　　کیا کیا میں نے کہ اظہار تمنا کر دیا
بڑھ گئیں تم سے تو مل کر اور بھی بے تابیاں　　ہم تو سمجھے تھے کہ اب دل کو شکیبا کر دیا
تیری محفل سے اٹھاتا غیر مجھ کو کیا مجال　　دیکھتا تھا میں کہ تو نے بھی اشارہ کر دیا
خلق کہتی ہے جسے دل ترے دیوانے کا　　ایک گوشہ ہے یہ دنیا اسی ویرانے کا
اک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا　　زندگی کاہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا

(ب)

بشر میں عکسِ موجوداتِ عالم ہم نے دیکھا ہے　　وہ دریا ہے یہ قطرہ لیکن اس قطرے میں دریا ہے
میری آنکھوں میں آنسو تجھ سے ہمدم کیا کہوں کیا ہے　　ٹھہر جائے تو انگارہ ہے، بہہ جائے تو دریا ہے
مری محرومیوں کا فیض جاری ہے رگ و پے میں　　بدن میں جو لہو کی بوند ہے، خونِ تمنا ہے
غبارِ رشک، خارستانِ حسرت، یاس کے منظر　　ہمارے دل کی دنیا بھی کوئی دنیا میں دنیا ہے
نظر آتے ہیں دل میں آج پھر آثارِ بے تابی　　ہم اے امید سمجھے اس میں کچھ تیرا اشارا ہے

(ج)

غرفوں سے جو جھانکا گردوں کے امواج کی نبضیں تیز ہوئیں
حلقوں میں جو دوڑا بادل کے کہسار کا سر چکرانے لگا
پردہ جو اٹھایا بادل کا دریا پہ تبسم دوڑ گیا
چلمن جو گرائی بدلی کی میدان کا دل گھبرانے لگا

P T O

ابھرا تو تجلی دوڑ گئی ڈوبا تو فلک بے نور ہوا
الجھا تو سیاہی دوڑا دی سلجھا تو ضیا برسانے لگا
کیا کاوش نور و ظلمت ہے کیا قید ہے کیا آزادی ہے
انساں کی تڑپتی فطرت کا مفہوم سمجھ میں آنے لگا

۲۔ ''حسرت موہانی کی غزل گوئی'' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔ ۱۰

یا

جوش کی نظم نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

۳۔ افسانہ ''کفن'' کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ ۱۰

یا

کرشن چندر کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ ذاتی قرض کی حصولیابی کے لیے کسی بینک منیجر کو درخواست لکھیے۔ ۱۰

یا

اپنے چارٹرا کاؤنٹینٹ کو خط لکھ کر موجودہ مالی سال کے حسابات دریافت کیجیے۔

۵۔ درج ذیل اصطلاحات میں سے دس کے اردو متبادل لکھیے۔ ۲۰

National currency,National debt,National monopoly,National advantage,National economy,Negative utility,Negotiated sale,Net amount,Net accretion,Net advantage,Net cash flow,Net cost,Negotiability,Net revenue,Nominal account.

۶۔ ذیل میں سے پانچ محاوروں کے معنی لکھیے اور انھیں جملوں میں استعمال کیجیے۔ ۵

آنکھ لگنا، نو دو گیارہ ہونا، تین پانچ کرنا، پانی پانی ہونا، آسمان سر پر اٹھانا، ہوا سے باتیں کرنا، آنکھ کا تارہ ہونا، ہاتھ ملنا، سر کرنا، دانت کھٹے کرنا